**PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2024/ 2704

Dated Peshawar, the 07 / 08/2024.

MOST IMMEDIATE
ASSEMBLY BUSINESS

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 67 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **05-08-2024** passed unanimously the following joint Resolution No. 67 moved by Mr. Muhammad Abdul Salam, Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Mr. Fazal Shakoor, Minister for Labour, Mr. Muhammad Zahir, Minister for Food, Mr. Jalal Khan, Mr. Sher Ali Afridi, Mr. Shafi Ullah Jan, Mr. Fazal Elahi, Mr. Shah Abu Turab Khan, Arbab Muhammad Usman, Mr. Daud Shah, Mr. Rajab Ali Khan Abbasi and Mr. Ikram Ullah, Members Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa as follows:-

بھارتی فوج و پولیس کی جانب سے کشمیر میں اپنے حق کے لیے نکلنے والوں مظلوموں کی مزاحمتی تحریکوں کو کچلنے اور معصوم شہریوں کے اغواء، قتل جیسے اقدامات کو یہ ایوان تشویش کی نظر سے دیکھتا ہے۔ کشمیری عوام پر بھارتی سیکورٹی فورسز کی آئے روز پر تشدد کارروائیوں کا سلسلہ تب نہیں تھم سکتا جب تک عالمی سطح پر کوئی مثبت عملی اقدامات نہیں ہوتے۔ اس وقت کشمیر میں حق خودارادیت کے لیے آواز بلند کرنے والے بے گناہ لوگوں سے جیلیں بھری ہوئی ہیں اور اُنکے خاندانوں کو بھی غیر قانونی مسلط فورسز کی جانب سے شدید حراساں کیا جاتا ہے۔

یہ ایوان بھارتی حکومت کے غیر انسانی رویے اور کشمیر میں غیر قانونی محاصرے کی مذمت کرتا ہے۔ کشمیر پر طاقت کے ذریعے قابض ہونے کی بھارتی کوشش نے نہ صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ عالمی قوانین کی بھی دھجیاں بکھیری ہیں۔ اس وقت کشمیر میں کسی کی جان، مال و عزت محفوظ نہیں، لاتعداد حریت قائدین جنھوں نے ان مظالم کے خلاف آواز اٹھائی تو یا انھیں قتل کر دیا گیا یا پھر جیلوں میں قید۔ اس کے باوجود ہزاروں کشمیری مرد، عورتیں، بوڑھے، بچے بھارتی ظلم و جبر کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ تاکہ دنیا میں یہ پیغام ہر کونے تک پھیلتا رہے کہ وہ بھارت کے غیر قانونی قبضے کو مسترد کرتے ہیں۔

صوبے کے سب سے بڑے جرگے میں کشمیری عوام کو یقین دلایا جاتا ہے کہ حکومت، عوام اور پارلیمان اُن کی جدو جہد میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ جب تک کشمیر کا مسلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل نہیں ہو جاتا۔

آج یوم استحصال کے موقع پر یہ ایوان اقوام متحدہ، عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کو روکا جائے اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے کشمیری عوام کو انکا حق دیا جائے۔

Your faithfully,

(MUHAMMAD SHARIF KHAN)
Assistant Secretary,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa